10383- سیوطی کون ہے

سوال

سیوطی کون ہے ؟

پسندیدہ جواب

سیوطی : وہ حافظ عبدالرحمن بن الکمال ابی بکر بن محمد بن سابق الدین بن الفخر بن عثمان السیوطی رحمہ اللہ تعالی ہیں ۔

ان کا لقب جلال الدین ، اور کنیت ابوالفضل ہے وہ (849) ھجری میں یتیمی کی حالت میں پیدا ہوئے ، اور آٹھ سال کی عمر سے پہلے ہی قرآن مجید حفظ کر لیا ، اور صغرسنی میں ہی علم سے شغف اختیار کیا اور اس کے حصول کے لیے بہت سے سفر کیے ، ان کے رحلات علم میں ، بلاد شام ، حجاز ، ھند ، اور مغرب شامل ہیں ۔

سیوطی رحمہ اللہ تعالی کی کئ ایک فنون میں بہت سی مؤلفات ہیں ، انہوں نے تفسیر ، حدیث ، فقہ ، سیرت و تاریخ میں کتب تصنیف کیں ، اور اپنی زندگی جمع و تالیف میں بسر کی ، کثرت جمع کی بناء پر ان کی تالیفات میں صحیح اور ضعیف اور موضوع ، اور اسی طرح حق وباطل سب کچھ پایا جاتا ہے ۔

کہا جاتا ہے کہ ان تالیفات میں تقریبا 600 کتب ہیں ۔

علامہ سیوطی رحمہ اللہ تعالی کی وفات 911 ھجری میں ہوئ اللہ تعالی ان پر رحم فرمائے ۔

واللہ اعلم .